سوال

(31)قضاء وقدر پر ایمان

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قضاء وقدر پر ایمان کسی مسلمان کے ایمان میں اضافے میں کس طرح معاون ہو سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قضاء وقدر پر ایمان ایک مسلمان کے لیے اس کے دینی و دنیاوی امور میں بہت بڑے معاون ہوتے ہیں کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت ہر قدرت سے فائق اور اس پر غالب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کا ارادہ فرما لیتا ہے تو اس کے ورے کوئی چیز حائل نہیں ہو سکتی۔ اس ایمان و یقین کے بعد ایک مسلمان اپنے مقصد کے لیے لازمی اور ضروری اسباب اختیار کرتا ہے (اور پھر جو ہونا ہوتا ہے ہو جاتا ہے) اور ہمیں اپنی تاریخ میں بے شمار ایسے واقعات ملتے ہیں کہ مسلمانوں کو مناسب گنتی اور معیاری قوت کے بغیر ہی کم تعداد اور معمولی صلاحیت کے ساتھ بڑی بڑی فتوحات حاصل ہوئیں اور یہ سب اللہ رب العلمین کے وعدوں پر یقین اور قضاء وقدر پر ایمان کا نتیجہ تھا اور یہ کہ تمام امور اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 62

محدث فتویٰ